سوال

(135) مصنوعی دانتوں کی صورت میں کلی کیسے کی جائے اور کیا کانوں کے مسح کے لیے نیا پانی لینا ضروری ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر انسان نے مصنوعی دانت لگوائے ہوں تو کیا کلی کرتے ہوئے انہیں اتارنا واجب ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب انسان نے مصنوعی دانت لگوائے ہوں تو بظاہر یوں معلوم ہوتا ہے کہ انہیں اتارنا واجب نہیں ۔ اس صورت میں یہ دانت انگوٹھی کے مشابہہ ہوں گے چونکہ بوقت وضو انگوٹھی کو اتارنا واجب نہیں ہے بلکہ اس موقعہ سے افضل یہ ہے کہ اسے حرکت دے دی جائے اگرچہ حرکت دینا بھی واجب نہیں ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم انگوٹھی پہنتے تھے مگر یہ منقول نہیں کہ آپ وضو کرتے وقت اسے اتار دیتے ہوں اور ظاہر ہے کہ ان دانتوں کی نسبت انگوٹھی پانی کے پہنچنے میں زیادہ رکاوٹ ہے اور پھر بعض لوگوں کے لیے ان لگائے ہوئے دانتوں کا اپنی جگہ سے اتارنا اور پھر انہیں دوبارہ لگانا بہت مشکل بھی ہے، اس لیے انہیں وضو کرتے وقت اتارنا واجب نہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل : صفحہ 199

محدث فتویٰ